بینڈ باجوں کے ساتھ نعت پڑھنا

فتوی نمبر: WAT-462

تاریخ اجراء: 20جمادی الاخری1443ھ/24جنوری2022

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیاڈی جے اور بینڈ بجا کر ان کے ساتھ نعت پڑھ سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

کیا ڈی جے اور بینڈ بجانا ویسے ہی ناجائز و حرام اور گناہ ہے، ان کی حرمت صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ پھر نعت شریف کے ساتھ بجانے کی وجہ سے ان کی حرمت میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔ لہذا اس سے بچنا بہت ضروری ہے، ورنہ اس طرح نعت پڑھنے والے اور ڈی جے اور بینڈ بجانے والے اور برضا و رغبت ان کو سننے والے سب ثواب کے بجائے الٹے گناہگار ہوں گے۔ نبیِّ پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نعت پاک پڑھنا بلاشبہ باعثِ ثواب، باعثِ برکت، سببِ نزولِ رحمتِ خداوندی اور نبیِّ پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی رضا و خوشنودی اور آپ کی محبت میں اضافے کا سبب ہے، لیکن باقی تمام معاملات کی طرح اس میں بھی شریعت کی پاسداری لازم ہے، ورنہ ثواب کے بجائے گناہگار ہوں گے۔

چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”لیکونن من امتی اقوام یستحلون الحر والحریر والخمر والمعازف“ ترجمہ: ضرور میری امت میں کچھ لوگ ہوں گے جو عورتوں کی شرمگاہ کو (یعنی زنا) اور ریشمی کپڑوں اور شراب اور گانے بجانے کے آلات کو حلال ٹھرائیں گے۔

(بخاری شریف، کتاب الاشربۃ ج2ص 837، مطبوعہ، کراچی)

مزید ارشاد فرمایا: ”ان اللہ بعثني رحمة للعالمين وهدى للعالمين، وامرني ربي بمحق المعازف والمزامير والاوثان والصلب“ ترجمہ: بے شک میرے رب نے مجھے دونوں جہانوں کے لئے رحمت اور ہدایت بنا کر بھیجا ہے اور میرے رب نے مجھے گانے بجانے کے آلات، منہ سے بجانے والے آلات، بت اور صلیب توڑنے کا حکم دیا ہے۔

(مسند امام احمد بن حنبل، حدیث ابو امامہ باهلی، ج36، ص646، مؤسسہ الرسالہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

عبدہ المذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net